مطبوعات

روایت مرتبین: محمد سہیل عمر و جمال پانی پتی - ناشر: مکتبہ روایت، لاہور۔ تقسیم کنندگان: سہیل اکیڈیمی محمد علی این مارکیٹ۔ چوک اردو بازار لاہور ۲ جلد ۳ صفحات ساڑھے تین سو سے زائد۔ قیمت پیپر بیک -/۶۵ روپے۔ مجلد -/۷۵ روپے۔ جلد ۴، صفحات ساڑھے چھ سو سے زائد۔ قیمت پیپر بیک -/۶۵ روپے، مجلد -/۷۵ روپے۔

بظاہر یہ کتابی سلسلہ ہے جس کے شمارہ ۱ اور ۲ کو دیکھنے کا موقع نہیں ملا۔ صرف ۳ اور ۴ سامنے ہے۔ ترجمان القرآن کے عنوانِ مطبوعات کے تحت ہم مجبور ہیں کہ بڑی سے بڑی بات کو کم سے کم لفظوں میں کہیں۔

سلیم احمد ہمارے دور کے صاحبِ تفکر، ماہرِ مکالمہ، عارفِ تجزیہ کاری، نسیمِ گلشنِ تخلیق اور مجاہدِ میدانِ تنقید تھے۔ مختصر یہ کہ بڑے مرتبے کے لکھنے والے، بہت لکھنے والے اور مختلف میدانوں میں لکھنے والے۔ بڑے بڑے لکھنے والوں سے ان کے رابطے تھے اور نوخیز قوتوں کو بھی وہ برادرانہ یا دوستانہ فضا میں بحث و مکالمہ کے ذریعے سوچنے اور لکھنے کی تربیت دیتے۔ عسکری سکول سے متعلق ہونے کے باوجود خود ایک سکول بن گئے۔ ادب کی فضاؤں میں کسی نہ کسی حریف کے ساتھ کنکوا بازی بھی جاری رہتی اور ایک دنیا ان کا ہنر دیکھ کر عش عش کر اٹھتی۔ خود مجھ سے بھی اختلاف ہوا مگر میں اختلاف کی بازیاں جیتنے سے زیادہ چونکہ ہم قلمی کے رشتے کا احترام قائم رکھنا اہم سمجھتا تھا لہٰذا طرح دے گیا۔ خیال تھا کہ کبھی ان کے اعتراضات کا جواب لکھوں گا مگر اب جب وہی نہ رہا تو اپنی باتیں اور کسے سنائیں۔

ان دو کتابوں میں جو موصول ہوئی ہیں، سلیم احمد کی اپنی تحریروں اور گفتگوؤں کے علاوہ ان کے